SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
August 25, 2023

ایس ای سی پی نے رئیٹ کمپنیوں کو شریعہ کمپلائنٹ سرٹیفکیٹ جاری کر دیا

اسلام آباد(اگست 25) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے دو اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REITs) کو شریعہ کمپلائنٹ کمپنی ہونے کا سرٹیفکیٹ جاری کیا ہے۔ یہ سرٹیفکیٹ سگنیچر ریزیڈنسی رئیٹ اور راحت ریزیڈنسی رئیٹ کو جاری کیا گیا ہے۔

وفاقی شرعی عدالت نے گزشتہ سال حکومت کو سود سے مالیاتی نظام تشکیل دینے کے لئے کوششوں کا حکم دیا تھا۔۔عدالت کے فیصلے کی پیروی میں ایس ای سی پی نے حال ہی میں مالیاتی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کو شریعت کے مطابق کاروباری ماڈل اختیار کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے لئے گائیڈلائنز جاری کی تھیں۔ان گائیڈلائنز کے نتیجے میں متعدد کمپنیوں نے شریعہ کمپلائنٹ سرٹیفیکیٹ کے لیے درخواستیں دی ہیں۔

سگنیچر ریزیڈنسی چار سالہ مدت کا ایک ڈویلپمنٹ رئیٹ ہے اور اس فنڈ کا حجم 825 ملین روپے ہے۔اس منصوبے میں اپارٹمنٹس اور ریٹیل یونٹس بنائے جائیں گے اور صارفین کو فروخت کر کے رئیٹ کے سرمایہ کاروں کے لیے منافع اور آمدنی حاصل کی جائے گے۔ اسی طرح راحت ریزیڈنسی بھی پانچ سالہ مدت کا ڈویلپمنٹ رئیٹ ہے اور اس فنڈ کا حجم 1,650 ملین روپے ہے۔

شرعی طریق کار کے مطابق، رئیٹ کے شراکت دار سرمایہ کار، کمپنی کے شریعہ ایڈوائزر کی ہدایات کی روشنی میں منصوبے کے لئے زمین کے حصول اور تعمیر، فنانسنگ، یونٹس کی فروخت اور منافع کی ریڈیمپشن کے لئے ایک شرک العقاد شراکت داری میں داخل ہوں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005